| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (سترھواں ہفتہ) | موضوع: | حرف ژ' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'ژ' کی پہچان کر سکیں۔ اس کی آواز، اس کے الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔ بچوں سے حروف ا، آ، ب، پ، ت، ٹ، ث، ج، چ، ح، خ، د، ڈ، ذ، ر، ڑ اور ز کا تلفظ آواز اور اشیاء پوچھی جائیں گی۔ | 5منٹ | فلیش کارڈز<br>(حرف اور اشیاء) | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ژ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ژ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حروف 'ژ' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا۔ اور بتایا جائے گا۔ کہ یہ حرف 'ژ' ہے۔ یہ حروف تہجی کا اٹھارواں حرف ہے۔ اس کی شکل ر کی طرح ہوتی ہے مگر اس کے اوپر تین نقطے ہوتے ہیں۔ بچوں کو اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ژ' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔ اور حرف 'ژ' کے ذخیرہ الفاظ (ژالہ باری، اژدھا) فلیش کارڈ کے ذریعے دکھائے جائیں گے۔ بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ژ' سے بہت کم الفاظ شروع ہوتے ہیں۔ | 10منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ 110 کھولنے کو کہا جائے گا۔ حرف 'ژ' پر انگلی پھیرنے اور صوتی آواز بتانے کو کہا جائے گا۔ صفحہ 111 پر 'ژ' کے الفاظ بتائے جائیں گے۔ پلے ڈو دے کر 'ژ' بنوانے کی مشق کروائی جائے گی۔ | 20منٹ | پلے ڈو<br>کتاب صفحہ<br>111,110 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے حرف 'ژ' کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (سترھواں ہفتہ) | موضوع: | حرف 'ژ' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ژ' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی آواز اور اسکے الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروفِ تہجی کی نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو حرف 'ژ' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ اور صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ژ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ژ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'ژ' کی نظم سنائی جائے گی۔<br>ژالہ باری ژالہ باری — ہوئی بڑی زور کی ژالہ باری<br>خوب برسے بادل — ہوا ہر طرف جل تھل<br>بچے نہائے بڑے نہائے — سب نے مل کر پکوڑے کھائے<br>ژالہ باری ژالہ باری — ہوئی بڑی زور کی ژالہ باری | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 113 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دی گئی لکیروں کو نقطوں کی مدد سے مکمل کرنے کو کہا جائے گا۔ کتاب صفحہ 114 پر تصویر میں رنگ بھرنے اور نقطوں کی مدد سے 'ژ' پر پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ 'ژ' کا بڑا فلیش کارڈ ہر میز پر چسپاں کیا جائے گا اور بچوں کو باری باری اُس پر انگلی پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر<br>114,113 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے حرف 'ژ' سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>بچوں کو 'ژ' کی اشیاء میں رنگ بھرنے کی ورک شیٹ دی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (سترھواں ہفتہ) | موضوع: | حرف ژ' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ژ' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی آواز اور الفاظ بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ژ' کا تلفظ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ 'ژ' کی نظم دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ<br>(حرف اور اشیاء) | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ژ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ژ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج آپ حرف 'ژ' کی کہانی سنیں گے۔<br>ایک بہت کالے بادل آئے دن رات میں بدل گیا۔ اچانک بارش شروع ہوگئی اُس کے ساتھ ہی ژالہ باری بھی ثانیہ نے باغ میں ایک بہت بڑا اژدھا دیکھا اُس نے اپنے ابو کو بلایا جو ٹیلی ویژن دیکھ رہے تھے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو کتاب صفحہ 115 کھولنے کو کہا جائے گا۔ 'ژ' پر پنسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کرسکیں۔ | 20 منٹ | کتاب صفحہ نمبر<br>115 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ہوا میں 'ژ' لکھوایا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (سترھواں ہفتہ) | موضوع: | حرف ژ' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'ژ' کی پہچان کرسکیں۔ اس کی آواز اور اس کے الفاظ بتا سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ژ' کا تلفظ اُس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔<br>حرف 'ژ' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا۔ اس میں 'ژ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔<br>حرف 'ژ' کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف 'ژ' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ 'ژ' کے الفاظ کم ہوتے ہیں۔ یہ ر کے خاندان کا آخری حرف ہے۔ بچوں سے کہا جائے گا سب انگلی کی مدد سے ہوا 'ژ' بنائیں اور بتائیں 'ژ' کے اوپر کتنے نقطے ہوتے ہیں۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>کاپی پر 'ژ' پر پنسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ اپنا کام مقررہ وقت میں مکمل کرسکیں۔ | 20 منٹ | کاپی ورک | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ژ' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ (سترھواں ہفتہ) | موضوع: | دہرائی (د تا ژ) | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف ’ر تا ژ‘ کی پہچان کرسکیں۔ اس کی صوتی آواز اور ان حروف سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام بتا سکیں۔ | بچوں کو حروف ’ر تا ژ‘ کے فلیش کارڈ دکھا کر حروف کی پہچان اور صوتی آواز کی دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5منٹ | حرف فلیش کارڈ (ر تا ژ) | طالب علموں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف ’ر تا ژ‘ کا درست تلفظ، آواز اور اس کی اشیاء میں حرف ’ژ‘ کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو (ر تا ژ) سے شروع ہونے والی تصاویر دکھا کر ان کے نام اور ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ بچوں سے Salt Tray پر حروف ’ر تا ژ‘ کی لکھائی کی مشق کروائی جائے گی۔ | 10منٹ | اشیاء فلیش کارڈ (ر تا ژ) | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>کمرہ جماعت میں حروف ’ر تا ژ‘ کے فلیش کارڈ کے علاوہ ا تا ذ تک کے فلیش کارڈ بھی چھپائے جائیں گے۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ انہیں صرف حرف ’ر تا ژ‘ کے فلیش کارڈ ڈھونڈتے ہیں اور آپ کو لا کر دینے ہیں اگر کوئی بچہ حروف ’ر تا ژ‘ کے علاوہ کوئی حرف لے آتا ہے تو وہ گیم سے باہر ہو جائے گا بچہ جو کارڈ لائے گا اُس حرف کا نام اور صوتی آواز بھی بتائے گا۔ سب بچوں سے باری باری یہ سرگرمی کروائی جائے گی ایک دفعہ میں تین سے زیادہ بچے حرف تلاش نہ کرنے دیں۔ بچوں سے کتاب صفحہ 117 پر تصاویر کو پہچان کر درست حرف کے گرد دائرہ لگانے کو کہا جائے گا۔ | 20منٹ | کتاب صفحہ 117 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے ’د تا ژ‘ کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ | | |
| | **گھر کا کام:**<br>کاپی پر ’ژ‘ پر پنسل پھیریے۔ کتاب صفحہ 116 کیجیے۔ | | | |